ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

فاطمہ ثنا آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کی قیادت کریں گی

- عالمی ایونٹ 3 سے 20 اکتوبر تک متحدہ عرب امارات میں منعقد ہو گا

لاہور، 25 اگست 2024ء:

فاطمہ ثنا کو آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 کے لیے پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ خواتین کی قومی سلیکشن کمیٹی نے متفقہ طور پر کیا ہے۔

یہ ایونٹ متحدہ عرب امارات میں 3 سے 20 اکتوبر تک منعقد ہو گا۔

22 سالہ فاطمہ نے 41 ون ڈے انٹرنیشنل اور 40 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے ہیں وہ اس سے قبل پاکستان ایمرجنگ اور ڈومیسٹک ٹیموں کی قیادت کر چکی ہیں۔

انہوں نے دسمبر 2023 میں نیوزی لینڈ کے خلاف ہیگلے اوول کے ون ڈے انٹرنیشنل میں پاکستان ٹیم کی کپتانی کی تھی یہ میچ سپر اوور میں پاکستان کی شاندار جیت کی وجہ سے یاد رکھا جاتا ہے۔

فاطمہ ثنا 37 سالہ آل راؤنڈر ندا ڈار کی جگہ قیادت سنبھالیں گی جنہوں نے بسمہ معروف سے تینوں فارمیٹ کی کپتانی سنبھالی تھی۔

ندا ڈار موجودہ ٹیم میں شامل ہیں وہ 112 ون ڈے انٹرنیشنل اور 153 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیل چکی ہیں۔

پاکستان کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں گروپ اے میں آسٹریلیا۔ سری لنکا۔ انڈیا اور نیوزی لینڈ کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

سلیکشن کمیٹی نے ٹیم میں صرف ایک تبدیلی کی ہے جو گزشتہ ماہ سری لنکا میں اے سی سی ایشیا کپ کھیلی تھی۔

دائیں ہاتھ کی بیٹر صدف شمس، جو گزشتہ سال جنوبی افریقہ میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کھیلی تھیں ٹیم میں نجیہہ علوی کی جگہ واپس آئی ہیں۔

نجیہہ علوی بطور ریزرو کھلاڑی ٹیم کے ساتھ سفر کریں گی۔

2023 کے ایڈیشن سے دس کھلاڑی عالیہ ریاض، فاطمہ ثناء، منیبہ علی، نشرہ سندھو، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، سعدیہ اقبال، صدف شمس، سدرہ امین اور طوبیٰ حسن کو برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ بائیں ہاتھ کی تیز بولر تسمیہ رباب واحد کھلاڑی ہیں جو ان کیپڈ ہیں۔

بائیں ہاتھ کی اسپنر سعدیہ اقبال کی ٹیم میں شمولیت فٹنس سے مشروط ہو گی۔

اسکواڈ:

فاطمہ ثنا (کپتان)، عالیہ ریاض، ڈیانا بیگ، گل فیروزہ، ارم جاوید، منیبہ علی (وکٹ کیپر)، نشرہ سندھو، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، صدف شمس، سعدیہ اقبال (فٹنس سے مشروط)، سدرہ امین، سیدہ عروب شاہ، تسمیہ رباب اور طوبیٰ حسن۔

ٹریولنگ ریزرو۔ نجیہہ علوی (وکٹ کیپر)

نان ٹریولنگ ریزرو۔ رامین شمیم اور ام ہانی

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial